New York State | Office of Temporary and Disability Assistance

امپائر اسٹیٹ چائلڈ کریڈٹ

آپ کی فیملی کے لیے رقم – ہر بچے کے لیے $1,000 تک حاصل کرنے کے لیے ابھی قدم اٹھائیں

2026 میں (جسے ٹیکس سال 2025 بھی کہا جاتا ہے)، آپ نقد واپسی حاصل کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں:

$1,000
فی اہل بچہ، جس کی عمر 4 سال سے کم ہو

$330
فی اہل بچہ، عمر 4 سے 16 سال

آپ قابلِ ریفنڈ امپائر اسٹیٹ چائلڈ کریڈٹ (Empire State Child Credit) کے اہل ہیں اگر آپ:

- پورے سال کے لیے ریاست نیو یارک کے رہائشی ہوں،
- 31 دسمبر، 2025 تک آپ کا کم از کم ایک اہل بچہ 17 سال سے کم عمر ہو،
- ریاست نیو یارک کا انکم ٹیکس ریٹرن فائل کرواتے ہوں اور اپنے لیے اور ہر بچے کے لیے ایک کارآمد سوشل سیکیورٹی نمبر (Social Security Number, SSN) یا انفرادی ٹیکس دہندہ شناختی نمبر (Individual Taxpayer Identification Number, ITIN) فراہم کریں

اگر آپ کی کوئی آمدنی نہیں یا کم آمدنی ہے تو آپ نقد رقم کی واپسی کے طور پر کریڈٹ حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ پر تھوڑی سی ٹیکس کی رقم واجب ہو تو اس کریڈٹ سے ٹیکس کی وہ رقم ادا کی جا سکتی ہے اور آپ کو اضافی نقد رقم بھی فراہم کی جا سکتی ہے۔

کریڈٹ حاصل کرنے کے لیے ریاست نیو یارک کا انکم ٹیکس ریٹرن اور فارم IT-213، دعوی برائے امپائر اسٹیٹ چائلڈ جمع کرائیں۔

امپائر اسٹیٹ چائلڈ کریڈٹ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے QR کوڈ اسکین کریں۔

otda.ny.gov/ChildCredit

Pub-5054A-UR (Rev. 01/26)